بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ نزل احسن الحدیث القرآن

بیاد

حضرت الامام السید محمد داود غزنوی رحمہ اللہ

حضرت مولانا محمد اسماعیل سلفی رحمہ اللہ

ہفت روزہ

اہلِ حدیث

لاہور

مرکزی جمعیۃ اہلِ حدیث پاکستان کا ترجمان

مسلکِ اہلِ حدیث کا داعی

جلد: 46

۲۹ جمادی الاولیٰ تا ۵ جمادی الثانی ۱۴۳۶ھ 20 تا 26 مارچ 2015ء

شمارہ: 11



شاہ عبداللہ

بن عبدالعزیز آلِ سعودؒ

مرحوم بین المذاہب مکالمے کے داعی تھے

شہید ملت علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمۃ اللہ علیہ

وہ بوئے گل تھا کہ نغمۂ جاں

شادی

فضائل، احکام و مسائل

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

وہ صحابی جنہوں نے اللہ کے راستے میں پہلا تیر چلایا

قرآن و سنت کی روشنی میں

- منہ کے بل لیٹنا.....؟!
- مسائل جمعۃ المبارک.....؟!
- پڑھائی کے بہانے نماز دیر سے پڑھنا.....؟!

درس قرآن

جناب پروفیسر احمد حماد حفظہ اللہ

نصرتِ الٰہی کیسے ممکن ہے؟!

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَ يُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝ ﴾ (محمد)

''اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم بھی رکھے گا۔''

قانون الٰہی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس قوم اور ملت کو عزت و افتخار سے نوازتے ہیں جو قوم ثابت کر دکھائے کہ وہ اسی افتخار اور وقار کے لائق ہے۔ اس کے خاص عوامل اور اسباب ہیں جن کا اختیار کرنا ایک قوم اور ملت کے لیے ضروری ہے۔ ان میں سے سب سے اہم اس عہد الٰہی سے وفا ہے جو ایک مسلمان کلمہ لا الٰہ الا اللہ کا اقرار کر کے کرتا ہے۔ یعنی توحید الٰہی اور محمد کریم ﷺ کی لائی ہوئی شریعت سے محبت اور اس کا عملاً اظہار۔ اللہ کی مدد و نصرت کا حصول صرف اسی صورت ممکن ہے کہ افراد امت توحید اسے ہی کو اپنائیں، تعلیمات محمدی ﷺ کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنائیں اور شرک و معاصی سے کنارہ کشی اختیار کریں۔ اگر ایسا کرنے میں آج کا مسلمان کامیاب ہو جاتا ہے تو پھر تمام قرآنی وعدوں کے مظاہر بھی انسان خود دیکھ لے گا۔ یہ اللہ کا وعدہ کہ تم اللہ کے ہو جاؤ اللہ تمہارا حامی و مددگار بن جائے گا۔ تب نہ تو دشمن کے ہتھکنڈے کسی کام کے رہیں گے اور نہ ہی اغیار کی شان و شوکت مسلمانوں پر غلبہ پا سکے گی اور اللہ کی معیت و نصرت مسلمانوں کو ہر دم حاصل رہے گی۔

﴿ وَ كَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ﴾ (الروم)

''ہم پر مومنوں کی مدد کرنا لازم ہے۔''

جو اللہ سے عہد وفا نبھائے گا اللہ بھی اسے عزت و تکریم سے نوازیں گے اور شان و شوکت والی زندگی عطاء فرمائیں گے۔ جو اللہ سے کیے وعدے سے روگردانی کرے گا تو پھر دنیا میں بھی ذلت و رسوائی اسکا مقدر ہو گی اور آخرت میں بھی ناکامی اور خسران کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جب مسلمان قوم اور حکومتوں کے لیے دین الٰہی کا پرچار و نفاذ سب سے اہم اور بنیادی مسئلہ اور مقصد حیات بن جائے گا' اور اسی کو وہ اپنے لیے دستور العمل سمجھیں گے اور تمام معاملات زندگی میں اسی سے رہنمائی لینے لگیں گے تب نصرت الٰہی بھی شامل حال ہو گی اور شان و شوکت اور عظمت و بلندی انہیں کا مقدر ٹھہرے گی اور آخرت میں بھی کامیابی انہیں کا دامن تھامے گی۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے۔

﴿ وَ لَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ ﴾ (الحج)

''جو اللہ کی مدد کرے گا اللہ بھی ضرور اس کی مدد کرے گا۔ بے شک اللہ بڑی قوتوں اور غلبے والا ہے۔''

﴿ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝ ﴾ (غافر)

''یقیناً ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی مدد زندگانی دنیا میں بھی کریں گے اور اس دن بھی جب گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے۔''

مسلمانوں کا توحید الٰہی کو' تمام لوازمات کے ساتھ اپنانا اور شریعت محمدیہ ﷺ کا اپنے تمام معاملات زندگی میں صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کی طرز پر نفاذ ہی اس چیز کا ضامن ہے کہ مسلمانوں پر سے خوف کے بادل چھٹ جائیں اور عزت و وقار والی پر امن زندگی گزاریں۔

درس حدیث

جناب پروفیسر عبدالرحمن لدھیانوی حفظہ اللہ

گستاخِ رسول کی سزا.... سر تن سے جدا

فرمان نبوی ﷺ ہے: [عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: "مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الأَشْرَفِ". فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ قَالَ: "نَعَمْ". قَالَ: فَأْذَنْ لِي، فَأَقُولَ. قَالَ: "قَدْ فَعَلْتُ".] (رواہ بخاری)

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے کعب بن اشرف کے لیے کون تیار ہے؟ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو بہت تکلیف پہنچائی ہے۔'' یہ سنتے ہی سیدنا محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے' فوراً کہا: میں اے اللہ کے رسول! پھر عرض کی' کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کر دوں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہاں۔'' تو عرض کیا' پھر مجھے کچھ کہنے کی اجازت دیجیے (یعنی ایسی بات جس سے میں اس کی ہمدردی حاصل کر لوں) آپ ﷺ نے اجازت دے دی۔

سیدنا محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کعب بن اشرف کا دوست تھا اور باہم کبھی کبھار ملتے بھی تھے۔ ایک دن محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کعب سے ملنے کے لیے اس کے قلعہ میں گئے اور باتوں باتوں میں کہا کہ یہ شخص یعنی رسول اللہ ﷺ ہم سے فقراء و مساکین کے لیے صدقہ اور زکوٰۃ مانگتا ہے اور اس نے ہمیں مشقت میں ڈال رکھا ہے۔ میں اس وقت آپ سے کچھ قرض لینے آیا ہوں۔ یہ سن کر کعب نے کہا: ابھی تو ابتدا ہے آگے چل کر تمہیں پتہ چل جائے گا اور تم اس سے اکتا جاؤ گے۔ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اب تو ہم ان پر ایمان لا چکے ہیں' اس وقت پیچھے ہٹنا مناسب نہیں۔ اب ہم انجام کے منتظر ہیں۔ اس وقت میری یہ خواہش ہے کہ آپ کچھ غلہ ہمیں ادھار دے دیں۔ کعب نے کہا: ٹھیک ہے مگر آپ کوئی چیز میرے پاس رہن رکھ دیں۔ انہوں نے پوچھا کیا چیز رہن رکھوانا چاہتے ہیں؟ کعب نے کہا اپنی عورتوں کو میرے پاس رہن رکھ دیں۔ انہوں نے کہا یہ تو ساری عمر کے لیے عار ہے' لوگ ہماری اولاد کو کہیں گے تم وہی ہو نا جو تھوڑے سے غلے کے عوض رہن رکھے گئے تھے؟ ہاں ہم اپنے ہتھیار تمہارے پاس رہن رکھ دیتے ہیں۔ کعب نے یہ بات مان لی اور یہ وعدہ کیا کہ رات کی تاریکی میں آ کر ہتھیار دے جائیں اور غلہ لے لیں۔ حسب وعدہ یہ لوگ رات کو کعب کے پاس گئے اور قلعہ کے باہر جا کر آواز دی۔ آواز سن کر کعب نے اپنے قلعہ سے اترنے کا ارادہ کیا تو اس کی بیوی نے کہا: اس وقت کہاں جا رہے ہو؟ کعب نے کہا محمد بن مسلمہ اور میرا دودھ شریک بھائی ابو نائلہ ہے کوئی غیر نہیں۔ بیوی نے کہا: مجھے اس آواز سے خون ٹپکتا نظر آ رہا ہے۔ وہ اپنی بیوی کے روکنے کے باوجود نیچے آ گیا۔

سیدنا محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کو سمجھا دیا تھا کہ جب میں اس پر قابو پا لوں تو میرا اشارہ پاتے ہی اس کا سر تن سے جدا کر دینا۔ جب کعب ان کے پاس آیا تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آج جیسی خوشبو تو میں نے کبھی محسوس نہیں کی' کیا آپ مجھے اپنے معطر سر کو سونگھنے کی اجازت دیں گے؟ کعب نے کہا ہاں! اجازت ہے۔ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے خوب تعریف کی اور دوبارہ سونگھنے کی اجازت مانگی اس نے پھر اجازت دے دی۔ اس وقت انہوں نے بار بار سر کو سونگھا۔ اسی دوران اس کے بالوں کو مضبوطی سے پکڑ کر ساتھیوں کو اشارہ کر دیا جنہوں نے پل جھپکتے ہی اس کا سر قلم کر دیا اور رات کے آخری حصے میں حضور ﷺ کی خدمت میں اس گستاخ کا سر پیش کر دیا جسے دیکھ کر آپ ﷺ نے فرمایا: ''ان چہروں نے فلاح پائی'' انہوں نے جواباً عرض کی' سب سے پہلے آپ کا چہرہ مبارک کامیاب ہوا۔ آپ ﷺ نے اللہ کا شکر ادا کیا' اس واقعہ سے کفر کی کمر ٹوٹ گئی۔

Monthly MUHADDIS
99-J Model Town, Lahore-54700
Phone: 5866476, 5856396

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے!

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ عالمی استعماری طاقتیں مسلمانوں کو مختلف مسائل ومشکلات میں الجھا کر اور ان میں تفرقہ پیدا کر کے خود ان کو اپنا دست نگر بنانا چاہتی ہیں۔ بہت سی مسلمان مملکتیں جو بے پناہ قدرتی وسائل سے مالا مال' انہیں افرادی قوت اور ہنر مند افراد بھی حاصل ہیں مگر وہ اپنے وسائل کو کما حقہ استعمال کرنے کا اختیار نہیں رکھتیں۔ افسوسناک امر یہ بھی ہے کہ دنیا میں مسلمانوں کی ساٹھ سے زیادہ مملکتیں ہیں مگر وہ آپس میں متحد نہیں۔ ان کی سوچ' فکر مختلف اور کامیابی کے پیمانے مختلف ہیں۔ اس کے برعکس [الکفر ملة واحدة] ہے۔ آج دنیا میں مسلمانوں کی تعداد ایک ارب سے زیادہ ہے مگر بین الاقوامی طور پر انہیں کوئی وقعت حاصل نہیں۔ اس کی وجہ آپس میں اتحاد کا فقدان ہے۔

بلاشبہ اس وقت مسلمان جس کٹھن دور سے گزر رہے ہیں وہ گزشتہ دو تین سو سالہ دور سے بھی زیادہ جاں گسل ہے۔ پہلے تو وہ سیاسی واقتصادی طور پر پریشان تھے اب تو مسلمانوں سے جینے کا حق بھی چھینا جا رہا ہے۔ فلسطین میں مسلمانوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔ اسی طرح مقبوضہ کشمیر میں مسلمان موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ بچے یتیم ہو رہے ہیں۔ دوشیزاؤں کے سہاگ لٹ رہے ہیں۔ بہو بیٹیوں کی عصمتوں کے آبگینے چکنا چور ہو رہے ہیں۔ برما' فلپائن اور ارٹیریا کے مسلمان بڑے مقہور ومجبور ہیں۔ آہ ان بے بس مسلمانوں کی آہیں اور سسکیاں کب تک بے اثر رہیں گی؟ ان کے مصائب وآلام کا مداوا کب ہوگا؟ عراق' مصر' شام اور لیبیا میں کتنے مسلمان موت کی وادی میں چلے گئے۔ ظالم وجابر لوگ تاریخ کو فراموش نہ کریں کہ جبر وتشدد کی بنیاد پر قائم کوئی نظام زیادہ دیر تک نہیں چل سکتا۔ روس کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ اس کے ظلم وستم کے خاتمہ سے کتنی ریاستیں آزادی سے ہمکنار ہوئیں۔ آج برہمنی سامراج اس لیے پریشان ہے اور وہ مقبوضہ کشمیر پر بہرصورت اپنا قبضہ قائم رکھنا چاہتا ہے کیونکہ اسے یقین ہے کہ کشمیر کی آزادی کے بعد بھارت کو ٹکڑے ٹکڑے ہونے سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ ان شاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب مقبوضہ کشمیر سے ظلم کی شب ختم اور آزادی کی صبح طلوع ہو کر رہے گی۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ امریکہ اور یورپ کی خوشحالی کا دار ومدار اس بات پر ہے کہ ایشیا اور افریقہ میں بھاری صنعتیں قائم نہ ہونے پائیں اور وہ خام مال کے عوض اپنی مصنوعات یورپ سے منگواتے رہیں۔ اگر ان ممالک میں بھی کسی طرح کاریں' انجن' ٹینک اور طیارے بننے شروع ہو جائیں تو یورپ کی معیشت چند سال میں تہہ وبالا ہو کر رہ جائے اور ان کے اپنے کارخانے بند ہو جائیں۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری متمول ریاستیں اپنی دولت بڑی بڑی عمارتوں' ہوٹلوں اور محلات پر خرچ کر رہی ہیں اور سٹیل ملوں اور اسلحہ ساز فیکٹریوں کی طرف ان کی توجہ نہیں ہے۔

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یورپ اور امریکہ خرمن اسلام سے اٹھنے والی چنگاریوں سے بھی خائف ہیں اور وہ اسلام دشمنی میں اس قدر آگے جا چکے ہیں کہ ان سے کسی خیر کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جو کتاب وسنت کی تعلیم دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ استعماری طاقتوں کو یہ بھی پسند نہیں۔ آخر میں یہ تلخ حقیقت تسلیم کیے بغیر چارا نہیں کہ پورا کفر' اسلام کے خلاف متحد ہے۔ اس سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہمارے پاس وہی نسخہ کیمیا ہے جسے قرآن مجید نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

﴿وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝﴾

اس مقام پر یہ بھی ضروری ہے کہ

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاکِ کاشغر

مدیر اعلیٰ
بشیر انصاری
ایم اے

مجلس ادارت
☆ رانا محمد شفیق خاں پسروری
☆ پروفیسر ڈاکٹر عبدالغفور راشد
☆ پروفیسر مقبول احمد قاضی

اس شمارہ میں

درس قرآن وحدیث	1
اداریہ	2
شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعودؒ	3
احکام ومسائل	4
شادی کے فضائل' فوائد اور احکام (خطبۂ حرم)	6
کدھر سے آیا کدھر گیا وہ!	10
علامہ تو قاعدہ' تو سلیقہ	12
اسلام..... دین رحمت	14
سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ	15
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جاں نثاریاں	18
حضرت حافظ محمد یحییٰ عزیز میر محمدیؒ	19
اخبار الجماعۃ	21

ادارہ سے جملہ خط کتابت ایڈیٹر کے نام اور ترسیل زر منیجر کے نام کی جائے

پتہ
ہفت روزہ "اہل حدیث"
چوک اہل حدیث (المعروف بتی چوک)
106، راوی روڈ لاہور۔ 54000
فون: 042-37720257 فیکس: 042-37725525
email:weeklyahlehadith@yahoo.com

بدل اشتراک
سالانہ ..... 500/- روپے
ششماہی ..... 300/- روپے
بذریعہ وی پی ..... 535/- روپے
بیرونی ممالک سے ..... 5500/- روپے
فی پرچہ ..... 15/- روپے

سینئر پروفیسر ساجد میر نے مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے لئے "لٹر پرنٹ ان" شاہ خالد ٹاؤن جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور سے چھپوا کر 106 راوی روڈ لاہور سے جاری کیا۔

شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز آلِ سعود رحمہ اللہ

(بین المذاہب مکالمے کا داعی)

تحریر: جناب سینیٹر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ

شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز بن عبدالرحمن بن فیصل بن ترکی بن عبداللہ بن محمد بن سعود، خادم الحرمین الشریفین 91 برس کی عمر گزار کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ یکم اگست 1924ء کو پیدا ہوئے۔ اگست 2005ء کو انہوں نے اپنے رضاعی بھائی شاہ فہد کی وفات کے بعد تخت کو کامیابی سے سنبھالا۔ شاہ عبداللہ کی جگہ ان کے 79 سالہ بھائی شاہ سلمان بن عبدالعزیز سعودی عرب کے نئے بادشاہ بنے ہیں جنہیں دو برس قبل شہزادہ نائف بن عبدالعزیز کی وفات کے بعد ولی عہد کا منصب عطا کیا گیا تھا۔ شاہ عبداللہ سعودی عرب کی وحدت کا ہر قیمت پر دفاع کرنے کا عزم رکھتے تھے۔ انہوں نے کسی اندرونی اور بیرونی دشمن کو سعودی عرب کی قومی سلامتی اور وحدت کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہ دینے کا پختہ عزم کر رکھا تھا۔ وہ دہشت گردی کو ایک عالمی مسئلہ سمجھتے اور کہا کرتے تھے کہ سعودی عرب دہشت گردی کے خطرات سے نبرد آزما رہے گا۔ انہیں مذہب، تاریخ اور عرب ثقافت کے موضوعات سے خاص دلچسپی تھی۔ انہیں جدید سعودی عرب کا داعی سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے دور میں مملکت کی ترقی پر خصوصی توجہ دی اور تعلیم، صحت، انفرااسٹرکچر اور معیشت کے شعبوں میں کئی بڑے منصوبے شروع کئے۔

شاہ عبداللہ کے نمایاں کارناموں میں مسجد الحرام اور مسجد نبوی کی توسیع کے منصوبے، 4 اقتصادی شہروں کے قیام کا منصوبہ، شاہ عبداللہ یونیورسٹی، پرنس نورہ یونیورسٹی کا قیام اور کئی بڑے فلاحی منصوبے شامل ہیں۔ انہوں نے سعودی عدالتی نظام کی تاریخی تشکیل نو کی بھی منظوری دی۔ وہ سرزمین حرمین کو تمام مذاہب کے پیروکاروں کے لئے تاریخی اور تمدنی ورثہ سمجھتے تھے۔ ان سے ہونے والی ملاقاتوں اور مختلف کانفرنسوں میں ان کے خیالات جاننے کا موقع ملا۔ وہ مختلف مذاہب کے درمیان مکالمے کے بہت بڑے داعی تھے۔ وہ اعتدال پسند شخصیت کے مالک تھے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ ہم نے سرزمین حرمین میں مختلف نسلوں، ثقافتوں اور مذاہب کے لوگوں کو یہاں مل جل کر رہتے دیکھا ہے۔ یہ سرزمین دیگر تہذیبوں کے ساتھ بھی انسانیت کی ترقی میں مددگار ثابت ہو چکی ہے۔ ان کے نزدیک اسلام اعتدال پسندی اور تحمل کا مذہب ہے۔ یہ پیغام تمام مذاہب کے ماننے والوں کے مابین تعمیری مکالمے کی دعوت دیتا ہے۔ وہ اپنے پیغام میں اس عزم کا بھی اظہار کرتے کہ انسانیت کے لئے ایک نیا باب کھولنے کی ضرورت ہے جو اختلاف کی جگہ اتفاق قائم کرے۔ ہم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم دنیا کو بتادیں کہ اختلافات کو تنازعات اور تصادم میں تبدیل نہیں ہونا چاہئے۔ اور یہ بھی واضح کریں کہ انسانی تاریخ میں جو سانحے ہو چکے ہیں ان کی بنیاد مذہب نہیں تھی بلکہ وہ ایک ایسی انتہاء پسندی کا نتیجہ تھے جس میں تمام آفاقی مذاہب اور تمام سیاسی نظریات کے ماننے والوں میں سے کچھ لوگ ملوث رہے ہیں۔

انہوں نے بین المذاہب کانفرنس میں اپنی وسعت نظری اور اعلیٰ حوصلگی کا شاندار مظاہرہ کیا اور آفاقی سوچ کا بہترین مظاہرہ کیا اور کہا کہ بنی نوع انسان اقدار کے انحطاط اور نظری پراگندگی کا شکار ہے اور ایک ایسے نازک دور سے گزر رہی ہے جس میں تمام تر سائنسی ترقی کے باوجود جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے، دہشت گردی زوروں پر ہے، خاندان منتشر ہو رہے ہیں۔ نوجوان نسل منشیات میں ڈوب کر بھٹک رہی ہے۔ امیر غریب کا استحصال کر رہا ہے اور نسلی بنیادوں پر غلیظ رجحانات پروان چڑھ رہے ہیں۔ یہ سب اس روحانی خلاء کا نتیجہ ہے جو لوگوں میں اس وقت پیدا ہوتا ہے جب وہ خدا کو بھول جاتے ہیں اور تب خدا ایسا کرتا ہے کہ وہ خود کو بھی فراموش کر بیٹھتے ہیں۔ ہمارے پاس اس صورت حال کا اس کے سوا کوئی اور حل نہیں ہے کہ ہم سب مذاہب اور تہذیبوں کے مابین مکالمے کے ذریعے ایک متحدہ نقطہ نظر پر متفق ہو جائیں جو ہمارے درمیان مشترک ہیں اور ہمیں ایک دوسرے کے قریب لاتے ہیں۔ یعنی خدا پر پختہ ایمان، اعلیٰ اصول اور ارفع اخلاقی قدریں۔ یہ باتیں مذہب کا نچوڑ ہوتی ہیں۔ انسان اس کرۂ ارض اور اس پر موجود ہر چیز کی تباہی و بربادی کی وجہ ہو۔ لیکن وہ اسے امن و آشتی کے نخلستان میں بدلنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے جس میں مذاہب، فلسفیانہ نظریات اور عقائد کے ساتھ وابستگی اکٹھے رہ سکتے ہیں اور جہاں ایک دوسرے کے احترام کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں اور اپنے مسائل کو تشدد کی بجائے بات چیت سے حل کر سکتے ہیں۔ اللہ کے کرم سے انسان میں نفرت کو محبت کے ذریعے، کمزور اور تنگ نظری کو تحمل و بردباری کے ذریعے ختم کرنے کی صلاحیت بھی ہے جو تمام بنی نوع انسان کو اس عظمت سے لطف اندوز ہونے کے قابل بناتی ہے جو خدا نے سب انسانوں پر نازل کی ہے۔ ہم اس مکالمے کو ایمان کی کفر پر، خیر کی شر پر، انصاف کی ظلم پر، امن کی جنگوں اور تنازعات پر اور انسانی اخوت کی نسل پرستی پر فتح کی علامت بنادیں۔ مذاہب کے درمیان ہم آہنگی کی ان کی سوچ کو مزید تقویت دینے کی ضرورت ہے۔

شاہ عبداللہ 1970ء کی دہائی میں مشرق وسطیٰ کے لئے امریکی پالیسی کے بڑے ناقد اور عرب ممالک کی یکجہتی کے حامی کے طور پر سامنے آئے۔ ان کا موقف تھا کہ عرب ممالک کا اتحاد ہی تیل کی دولت سے مالا مال ان ممالک کو مغرب کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت دے سکتا ہے۔ 1991ء میں کویت پر عراقی حملے کے بعد شاہ عبداللہ سعودی عرب میں امریکی فوج کی تعیناتی کے حق میں نہیں تھے اور ان کا خیال تھا کہ صدام حسین سے بات چیت کے ذریعے یہ معاملہ بہتر انداز میں حل ہو سکتا ہے۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی طرف گرمجوشی سے ہاتھ بڑھایا۔ درست، بروقت اور دوراندیشانہ فیصلے کئے۔ پاکستان کو امریکی دباؤ میں نہیں آنا چاہئے اور سعودی عرب کے گرمجوشی سے بڑھائے ہوئے ہاتھ کو اسی گرمجوشی سے تھام لے تو پاک سعودیہ سپر پاور وجود میں آ سکتی ہے۔ پاکستان میں سعودی عرب کے خلاف پائے جانے والے عناصر کی منفی سرگرمیوں کو بھی دیکھنا ہوگا جو بے بنیاد پروپیگنڈا کر کے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کی حوصلہ شکنی کی ضرورت ہے۔ ہم ہر قیمت پر حرمین شریفین کا تحفظ کریں گے کیونکہ سعودی عرب عالم اسلام کی وحدت کا مرکز ہے۔

احکام و مسائل

جناب مولانا حافظ ابو محمد عبدالستار الحماد حفظہ اللہ
مرکز الدراسات الاسلامیہ
سلطان کالونی میاں چنوں خانیوال پاکستان
فون Mob.: 0300-4178626 - 065-2663317
ای میل Email: hammad3316@yahoo.com

''جمعۃ المبارک'' یا صرف ''جمعہ''

سوال ہماری کلاس میں یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ جمعہ کے دن کو جمعۃ المبارک کہا جاتا ہے' اس دن میں کیا خصوصیات ہیں جن کی بناء پر اسے جمعۃ المبارک کہا جاتا ہے؟ حالانکہ خصوصیت کے ساتھ اس دن کا روزہ رکھنے سے ہمیں منع کیا گیا ہے۔

جواب جمعہ کا دن کئی ایک خصوصیات کا حامل ہے' جن میں کچھ حسب ذیل ہیں:

- ہم مسلمانوں کے لیے جمعہ کا دن بطور قومی تہوار ہے' جس طرح یہود کے لیے ہفتہ اور عیسائیوں کے لیے اتوار ہے۔ ہم اس دن میں بطور خاص اللہ کی عبادت بجالانے پر مامور ہیں جیسا کہ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: ''یہ وہ دن ہے جس میں اللہ کی عبادت بجالانا ہم پر فرض ہے' اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے ہماری رہنمائی فرمائی ہے' باقی لوگ ہمارے پیچھے ہیں یعنی یہودی کل بروز ہفتہ اور عیسائی پرسوں بروز اتوار عبادت بجالاتے ہیں۔'' (صحیح مسلم' الجمعہ: ۱۹۷۸)
- رسول اللہ ﷺ نے اس دن کو تمام دنوں سے بہتر اور افضل قرار دیا ہے جیسا کہ آپ کا ارشاد گرامی ہے: ''بہترین دن جس میں سورج طلوع ہوتا ہے وہ جمعہ کا دن ہے' اس دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے' اسی دن انہیں جنت میں داخل کیا گیا اور اس دن انہیں جنت سے نکالا گیا۔'' (مسلم' الجمعہ: ۱۹۷۷)

سیدنا آدم علیہ السلام کے جنت سے نکالے جانے کو جمعہ کی فضیلت اس لیے شمار کیا گیا ہے کہ اس میں زمین کی آبادی' اللہ کی شریعت پر عمل درآمد اور اس کے تقرب کا حصول' انبیاء کرام علیہم السلام کا ظہور اور زمین پر عدل وانصاف کے قیام کا آغاز ہوا۔

- جمعہ کے دن عبادت کرنے والے کو ایسی مغفرت سے نوازا جاتا ہے کہ دوسری کسی نماز کی ادائیگی میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: ''جو شخص غسل کر کے جمعہ پڑھنے کے لیے چلے' پھر حسب توفیق نماز ادا کرے اور خاموش رہ کر امام کا خطبہ سنے' پھر اس کے ساتھ مل کر نماز پڑھے تو اس جمعہ سے لے کر آئندہ جمعہ بلکہ مزید تین دن تک اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔'' (صحیح مسلم' الجمعہ: ۱۹۸۷)
- جمعہ کی فضیلت میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ایک گھڑی رکھی ہے' جو شخص بھی بحالت نماز اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوا اسے پالے تو اس کی دعا کو شرف قبولیت سے نوازا جاتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں اس کا بطور خاص ذکر ہے۔ (النسائی' الجمعہ: ۱۳۹۰)

لہٰذا ہر مسلمان کو جمعہ کے دن اس عظیم نعمت کے حصول کے لیے کوشاں رہنا چاہیے۔ بہرحال جمعہ کا دن متعدد خصوصیات کا حامل ہے۔ امام ابن قیمؒ نے اس دن کی تینتیس (۳۳) خصوصیات کا ذکر کیا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے بھی ان کا خلاصہ بیان کیا ہے۔ (فتح الباری: ج ۳' ص ۳۵۳)

ان خصوصیات کی بناء پر رسول اللہ ﷺ نے دوسرے تمام دنوں سے افضل قرار دیا ہے بلکہ اسے تمام دنوں کا سردار کہا ہے۔ (مسند امام احمد: ج ۳' ص ۴۳۰)

لہٰذا اس دن کا یہ حق ہے کہ اسے ''جمعۃ المبارک'' کہا جائے' کیونکہ یہ اللہ کی طرف سے بے شمار خیر و برکات کا حامل ہے۔ واللہ اعلم!

منہ کے بل لیٹنا

سوال کچھ لوگ سوتے وقت منہ کے بل لیٹ جاتے ہیں' کیا شرعی طور پر اس طرح لیٹنا جائز ہے؟ ہمارے خطیب صاحب نے ایک دن خطبہ جمعہ میں اس کی ممانعت بیان کی تھی' قرآن وحدیث کی روشنی میں اس مسئلہ کی وضاحت فرما دیں۔

جواب ہمارا دین اسلام تمام شعب ہائے زندگی میں ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں سونے کے آداب سے آگاہ کیا ہے۔ آپ نے امت کو ہدایت فرمائی ہے کہ سونے سے پہلے نماز والا وضو کر لیا جائے پھر بستر کو اپنی چادر کے پلو سے جھاڑا جائے۔ مبادا اس پر کوئی نقصان دہ چیز آ گئی ہو۔ پھر دائیں کروٹ پر لیٹ کر مسنون دعائیں پڑھی جائیں۔ بہتر یہ ہے کہ دعا کے بعد کوئی گفتگو نہ کی جائے۔ جب نیند سے بیدار ہو تو بھی مسنون دعا پڑھے۔ اس کی بہت تاکید کی گئی ہے۔ سونے کے آداب سے ہے کہ منہ کے بل نہ لیٹا جائے۔ جدید طب میں بھی اس کی ممانعت ہے کیونکہ ایسا کرنے سے معدہ کی کارکردگی مجروح ہوتی ہے۔ چنانچہ سیدنا طہفہ غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے مسجد میں پیٹ کے بل سوئے ہوئے پایا تو مجھے اپنے قدم مبارک سے ٹھوکا دیا اور فرمایا: ''اس انداز سے کیوں سوتے ہو؟ سونے کا یہ انداز اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔'' (ابن ماجۃ الادب: ۳۷۲۳)

سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد میں پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا' میرے پاس سے رسول اللہ ﷺ گزرے تو مجھے قدم مبارک سے ٹھوکا دیا اور فرمایا: ''پیارے جندب! اس طرح لیٹنا اہل جہنم کا انداز ہے۔'' (ابن ماجۃ الادب: ۳۷۲۴)

ایک روایت میں ہے کہ سیدنا طہفہ رضی اللہ عنہ مسجد میں پھٹے پرانے کپڑے کی تکلیف کی وجہ سے اوندھے منہ اپنے پیٹ کے بل لیٹے ہوئے تھے' انہوں نے دیکھا کہ کسی نے انہیں اپنے پاؤں سے

حرکت دی ہے اور کہا: ''اس طرح سونا اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔'' ..... وہ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا تو وہ رسول اللہ ﷺ تھے۔ (ابوداود' الادب: ۵۰۴۰)

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ پیٹ کے بل سونا شرعی طور پر جائز نہیں ہے۔ واللہ اعلم!

مسئلہ وراثت

سوال ہمارے والد گرامی فوت ہوئے' پسماندگان میں تین لڑکے' چار لڑکیاں اور ایک بیوہ ہے' ان کا ترکہ دس بیگے زرعی زمین ہے' اس کی تقسیم کیسے ہوگی؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں ہماری رہنمائی فرمادیں۔

جواب میت کے ترکہ سے چار حقوق تعلق رکھتے ہیں جو بالترتیب حسب ذیل ہیں:

- کفن ودفن..... اگر میت کے کفن ودفن کا انتظام کرنے والا کوئی نہ ہو تو اس کے ترکہ سے مناسب انداز کے ساتھ کفن ودفن کا انتظام سب سے پہلے کیا جائے گا۔
- ادائیگی قرض..... اس کے بعد میت کے ذمے جتنا قرض ہو اسے ادا کیا جائے خواہ ادائیگی میں تمام ترکہ صرف ہو جائے۔ حدیث میں اس کی بہت تاکید کی گئی ہے۔
- وصیت..... قرض کی ادائیگی کے بعد میت کی جائز وصیت کو پورا کیا جائے' جائز وصیت کی تین شرائط ہیں:

① وہ کل جائیداد کی ایک تہائی یا اس سے کم ہو۔ ② وصیت کسی شرعی وارث سے متعلق نہ ہو۔

③ وہ جائز کام کے لیے ہو' حرام اور ناجائز وصیت کو پورا کرنا درست نہیں۔

- مذکور مراحل کو تقسیم سے پہلے پورا کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد چوتھا حق یہ ہے کہ اسے عدل وانصاف کے ساتھ ورثاء میں تقسیم کیا جائے' پہلے ان ورثاء کو دیا جائے جن کے حصے طے شدہ ہیں۔ ان سے بچا ہوا ترکہ عصبات میں تقسیم کرنا چاہیے۔ ان کی عدم موجودگی میں ذوالارحام' حقدار ہیں۔

صورت مسئولہ میں سب سے پہلے بیوہ کا آٹھواں حصہ نکالا جائے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اگر مرنے والے کی اولاد ہو تو بیویوں کا آٹھواں حصہ ہے۔'' (النساء: ۱۲)

باقی سات حصے اس طرح تقسیم کیے جائیں کہ ایک لڑکے کو لڑکی کے مقابلہ میں دوگنا حصہ ملے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اللہ تمہیں اولاد کے متعلق حکم دیتا ہے کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے۔'' (النساء: ۱۱)

سہولت کے پیش نظر کل جائیداد کے اسی حصے بنا لیے جائیں' ان میں سے دس حصے بیوہ کو' چودہ حصے فی لڑکا اور سات حصے فی لڑکی دیئے جائیں۔ زرعی زمین دس بیگے ہیں' جن کے آٹھ صد مرلے بنتے ہیں' اس بناء پر درج ذیل نقشے کے مطابق اسے تقسیم کر دیا جائے۔

میت کی جائیداد ۸۰۰ مرلہ							
بیوہ	بیٹا	بیٹا	بیٹا	بیٹی	بیٹی	بیٹی	بیٹی
100	140	140	140	70	70	70	70

واللہ اعلم!

نماز کو پڑھائی کی وجہ سے لیٹ کرنا

سوال میں ایک اکیڈمی میں پڑھتا ہوں' وہاں ظہر کی نماز کا وقت ہو جاتا ہے' ہمارے پاس ہی مسجد ہے' وہاں اذان ہوتی ہے لیکن اکیڈمی والے مسجد میں نہیں جانے دیتے' اس بناء پر نماز میں تاخیر ہو جاتی ہے۔ کیا ایسے حالات میں نماز کو دیر سے پڑھا جا سکتا ہے؟

جواب ہمارے معاشرہ میں تعلیم وتربیت کی بہت کمی ہے' اس لیے علماء حضرات کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے گردوپیش میں رہنے والے افراد کی اسلامی خطوط پر تربیت کریں' انہیں اسلامی تعلیمات سے روشناس کروایا جائے اور مقاصد شریعت سے آگاہ کیا جائے۔ سوال میں ذکر کردہ المیہ کئی ایک مقامات پر دیکھنے میں آتا ہے۔ مثلاً:

- ایک مزدور کہیں تعمیراتی کام میں مزدوری کرتا ہے تو مالک مکان یا ٹھیکیدار اسے نماز کے لیے وقت نہیں دیتا کہ ایسے اوقات میں مزدور کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔
- ایک ملازم کسی دکان پر ملازمت کرتا ہے تو دکاندار اسے نماز بروقت ادا کرنے کے لیے دس پندرہ منٹ کی رخصت نہیں دیتا کہ اس سے کاروبار متاثر ہوتا ہے۔
- ہیڈ ماسٹر یا پرنسپل حضرات بھی اپنے ماتحت ٹیچروں سے یہی برتاؤ کرتے نظر آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پڑھانا تمہاری ڈیوٹی میں شامل ہے جس کے بدلے تمہیں تنخواہ دی جاتی ہے۔

الغرض بہت سے حضرات کا یہ مسئلہ ہے کہ انہیں بروقت نماز ادا کرنے کے لیے وقت نہیں دیا جاتا' ممکن ہے کہ کچھ مزدور یا ملازمین نماز کی ادائیگی کو اپنی ڈیوٹی سے کوتاہی کے لیے بطور بہانہ استعمال کرتے ہوں تاہم نماز ایک ایسا فریضہ ہے کہ قیامت کے دن حقوق اللہ میں سے اس کا حساب لیا جائے گا۔ اگر اس میں ناکامی ہوئی تو آگے حساب نہیں چلے گا۔ اسی کو بنیاد بنا کر فیصلہ کر دیا جائے گا۔ بہرحال نماز کو اس بناء پر مؤخر نہیں کیا جا سکتا کہ اہلکار کو رخصت نہیں ملتی' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے بعد تمہارے کچھ امراء ہوں گے کہ چند چیزیں انہیں بروقت نماز پڑھنے سے غافل کر دیں گی حتی کہ اس کا وقت گزر جائے گا' جب یہ صورت حال ہو تو تم نماز کو بروقت ادا کرو۔'' (ابوداود' الصلوٰۃ: ۴۳۳)

رسول اللہ ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو بھی یہ وصیت کی تھی کہ جب نماز کا وقت ہو جائے تو اس میں تاخیر نہ کی جائے۔ (ترمذی' مواقیت الصلوٰۃ: ۱۷۱)

بہرحال اگر ماتحت عملے کو نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دی جاتی تو ایسی ملازمت کو ترک کر دیا جائے اور کسی دوسری جگہ ملازمت کر لی جائے۔ اس بناء پر نماز کو لیٹ کرنا جائز نہیں کہ مالک نے اجازت نہیں دی ہے۔ واللہ اعلم!

شادی کے فضائل، فوائد اور احکام

امام حرم مکی فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر علی الحذیفی حفظہ اللہ

مترجم: جناب حافظ محمد سرور — نظرثانی: جناب حافظ عبدالحمید ازہر حفظہ اللہ

حمد وثناء کے بعد:

اللہ سے ویسے ڈرو جیسے اس نے حکم دیا ہے اور جن کاموں سے اس نے منع فرمایا اور روکا ہے، ان سے باز رہو۔

اے بندگانِ الٰہی! پروردگار کا ارادہ شرعاً اور کونا اس بات کا متقاضی ہوا کہ اس کائنات کو ایک مقرر مدت تک کے لیے آباد کرے۔ جبکہ ظاہر ہے کہ یہ آبادی تعاون، ہم آہنگی، اتحاد اور زندگی کو عادلانہ، نفع مند اور مبنی بر حکمت قوانین پر استوار کیے بغیر ممکن نہیں۔

انسان کو اس زمین میں خلافت سونپی گئی ہے تاکہ وہ اسے سنوارے اور آباد کرے اور اس پر اللہ کی عبادت کرے، اس کی خوش بختی اللہ کی فرمانبرداری میں مضمر ہے اور بدبختی اللہ کی نافرمانی میں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يَخْشَ اللّٰهَ وَ يَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝﴾

''اور کامیاب وہی ہیں جو اللہ اور رسول کی فرماں برداری کریں اور اللہ سے ڈریں اور اس کی نافرمانی سے بچیں۔'' (النور)

اور فرمایا:

﴿وَ مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَ لَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝﴾ (النسآء)

''اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور اس کی مقرر کی ہوئی حدوں سے تجاوز کر جائے گا اُسے اللہ آگ میں ڈالے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس کے لیے رسوا کن سزا ہے۔''

اور فرمایا:

﴿وَ لَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ وَ مَنْ فِيْهِنَّ﴾ (المؤمنون: 71)

''اور حق اگر کہیں اِن کی خواہشات کے پیچھے چلتا تو زمین اور آسمان اور ان کی ساری آبادی کا نظام درہم برہم ہو جاتا۔''

اس زندگی میں انسان کا پہلا قدم اور ابتدائی مرحلہ یہ ہے کہ اللہ کے ضابطے اور پیغمبر ﷺ کی سنت کے مطابق وہ بیوی کے ساتھ رشتے میں بندھ جائے اور ان کے درمیان مشترکہ مفادات اور مصلحتوں کا ناتا قائم ہو، باہمی تعاون، ہمدردی اور الفت کے جذبات ہوں۔ وہ دونوں اعلیٰ مقاصد اور عمدہ اہداف کے لیے سرگرم ہوں، پاکیزہ تعمیری خصلتوں کو بروئے کار لائیں اور بابرکت مفاد اور نیک اولاد کا حصول ہو۔

شادی آنے والی نسلوں کے لیے ایک گود ہے، بچے کی پہلی تربیت گاہ ہے اور نوجوان نسل کو اصلاح وتعمیر اور سدھار کی جانب موڑنے کا ایک ذریعہ ہے۔

شادی آنے والی نسلوں کے لیے ایک گود ہے، بچے کی پہلی تربیت گاہ ہے اور نوجوان نسل کو اصلاح وتعمیر اور سدھار کی جانب موڑنے کا ایک ذریعہ ہے۔

ماں باپ کا اثر اولاد پر دائمی ہوتا ہے اور ماں باپ ہی ایک نیک معاشرے کی بنیادی اینٹ ہوتے ہیں، نئی پود کے لیے مہربانی، شفقت، پیار، حسن سلوک اور نگہداشت کا گہوارہ ہوتے ہیں۔ بشرطیکہ وہ نیک ہوں۔ ماں باپ ہی اس رشتہ داری اور قرابت کی بنیاد ہوتے ہیں جس کے سبب امداد باہمی، تعاون، ہمدردی، وابستگی، محبت اور ایک دوسرے کو افتادوں سے بچانے کی ایک فضا قائم ہوتی ہے۔

شادی ہمیشہ سے رائج رہنے والا ایک ایسا طریقہ ہے جس کے فوائد کا کوئی شمار ہے اور نہ برکتوں کی کوئی انتہاء، یہ ایک ایسا دائمی اور پائیدار رواج ہے جس کی منفعتیں ناقابل انتہاء ہیں۔

شادی انبیاء اور پیغمبروں علیہم السلام کی سنت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً﴾ (الرعد: 38)

''تم سے پہلے بھی ہم بہت سے رسول بھیج چکے ہیں اور اُن کو ہم نے بیوی بچوں والا ہی بنایا تھا۔''

جبکہ مومنوں کی صفات بیان کرتے ہوئے اللہ نے فرمایا:

﴿وَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝﴾

''جو دعائیں مانگا کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک دے اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنا۔'' (الفرقان)

اللہ تعالیٰ نے شادی کا حکم دیا اور فرمایا:

﴿وَ اَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَ الصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝﴾ (النور)

''تم میں سے جو لوگ مجرد ہوں، اور تمہارے لونڈی غلاموں میں سے جو صالح ہوں، ان کے نکاح کر دو اگر وہ غریب ہوں تو اللہ اپنے فضل سے ان کو غنی کر دے گا، اللہ بڑی وسعت والا اور علیم ہے۔''

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

''اے نوجوانوں کی جماعت! تم میں سے جو شخص شادی کی طاقت رکھتا ہو، وہ ضرور شادی کرے یہ نگاہ کو جھکانے اور شرمگاہ کو پاکیزہ رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے، لیکن جو آدمی اس کی طاقت نہ رکھتا ہو، اسے روزے رکھنے چاہئیں کیونکہ یہ اس (شہوت) کا توڑ ہے۔'' (بخاری ومسلم)

اس حدیث میں آنے والے لفظ ''الباءۃ'' سے مراد حق مہر، نان نفقہ اور رہائش کے اخراجات ہیں۔ جبکہ نکاح کی خواہش رکھنے والا اگر نکاح کرنے کی مالی استعداد نہ رکھتا ہو تو جب تک اسے شادی کی استعداد حاصل نہ ہو جائے اسے روزے رکھنے چاہئیں کیونکہ اس میں اجر بھی ہے اور اس سے شہوت بھی کمزور پڑتی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے ازواج مطہرات سے نبی کریم ﷺ کے ان نیک اعمال کے متعلق پوچھا جو آپ ﷺ تنہائی میں کرتے تھے۔ پھر ایک نے کہا کہ میں شادیاں نہیں کروں گا، دوسرے نے کہا، میں گوشت نہیں کھاؤں گا۔ تیسرے نے کہا کہ میں بستر پر نہیں سویا کروں گا۔ جب نبی کریم ﷺ کو یہ ساری باتیں پہنچیں تو آپ ﷺ نے اللہ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا:

''لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں حالانکہ میں تو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، روزہ رکھتا بھی ہوں اور چھوڑ بھی لیتا ہوں اور میں نے شادیاں بھی کی ہوئی ہیں، اس لیے جس نے میری سنت سے منہ موڑا، وہ مجھ سے نہیں ہے۔'' (بخاری و مسلم)

''لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں حالانکہ میں تو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، روزہ رکھتا بھی ہوں اور چھوڑ بھی لیتا ہوں اور میں نے شادیاں بھی کی ہوئی ہیں، اس لیے جس نے میری سنت سے منہ موڑا، وہ مجھ سے نہیں ہے۔'' (بخاری و مسلم)

اسلام نے ایسے شخص کے لیے نکاح کو واجب قرار دیا ہے جو استعداد بھی رکھتا ہو اور شادی کی خواہش بھی۔ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جنم دینے والی عورتوں سے شادی کرو، قیامت کے دن میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دیگر انبیاء پر فخر کروں گا۔'' (مسند احمد)

شادی میاں بیوی کے لیے پاکیزگی اور عفت کا باعث ہے، معاشرے کا سدھار ہے اور راہروی سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ (البقرۃ)

''جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دے چکو اور وہ اپنی عدت پوری کر لیں، تو پھر اس میں مانع نہ ہو کہ وہ اپنے زیر تجویز شوہروں سے نکاح کر لیں، جب کہ وہ معروف طریقے سے باہم مناکحت پر راضی ہوں تمہیں نصیحت کی جاتی ہے کہ ایسی حرکت ہرگز نہ کرنا، اگر تم اللہ اور روز آخر پر ایمان لانے والے ہو تمہارے لیے شائستہ اور پاکیزہ طریقہ یہی ہے کہ اس سے باز رہو اللہ جانتا ہے، تم نہیں جانتے۔''

شادی معاشرے میں قوم لوط علیہ السلام کی برائی اور زنا کو پھیلنے سے روکتی ہے۔ اگر کسی علاقے میں زنا پھیل جائے تو اللہ تعالیٰ وہاں غربت، ناداری اور ذلت مسلط کر دیتا ہے، ان میں ایسی ایسی وبائیں اور بیماریاں پھوٹ پڑتی ہیں جو ان کے اگلے لوگوں میں نہیں تھیں اور زنا کاروں کو آخرت میں جو عذاب اور رسوائی ملنے والی ہے، وہ علیحدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ الَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لَا يَزْنُوْنَ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۙ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ يَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۙ﴾

''جو اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہیں پکارتے، اللہ کی حرام کی ہوئی کسی جان کو ناحق ہلاک نہیں کرتے، اور نہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں یہ کام جو کوئی کرے وہ اپنے گناہ کا بدلہ پائے گا۔ قیامت کے روز اس کو مکرر عذاب دیا جائے گا اور اسی میں وہ ہمیشہ ذلت کے ساتھ پڑا رہے گا۔'' (الفرقان)

کوئی بھی شخص جو قوم لوط علیہ السلام کی برائی میں مبتلا ہو، اس کا دل بگڑ جاتا ہے، اس کی فطرت کج ہو جاتی ہے، اس کے نفس میں خباثت اور اخلاق میں ٹیڑھ آ جاتا ہے اور دنیا و آخرت میں اسے سخت ترین سزاؤں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

لوط علیہ السلام کی قوم کو جو سزا دی گئی اور جو ان سے پہلے کسی کو نہیں دی گئی تھی، وہ ہم سب کو معلوم ہے۔ جبریل علیہ السلام نے ان کی بستیوں کو آسمان کی بلندی سے زمین پر دے مارا، اوپر کا حصہ نیچے اور نیچے کا اوپر کر دیا، اللہ نے ان پر پتھروں کی بارش برسائی، جبکہ ہمیشہ کے لیے جہنم میں ٹھکانا جدا۔

اس جرم کی سنگینی ہی کی وجہ سے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ قوم لوط علیہ السلام کا عمل کرنے والے پر لعنت کرے۔ اللہ تعالیٰ قوم لوط علیہ السلام کا عمل کرنے والے پر لعنت کرے۔ اللہ تعالیٰ قوم لوط علیہ السلام کا عمل کرنے والے پر لعنت کرے۔''

چنانچہ شادی اغلام بازی اور زنا سے بچاؤ کا ذریعہ ہے، دل کی طہارت اور نفس کی پاکیزگی ہے اور اولاد کے حصول کا ذریعہ ہے جو زمین پر اللہ کی بندگی کرتی ہے اور یہاں آبادی کا ذریعہ بنتی ہے۔

دینی طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنے لیے ایسی بیوی منتخب کرے جو نیک ہو اور دیندار، پاکیزہ خو اور بااخلاق ہو۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

''عورت کے ساتھ چار خوبیوں کی بنیاد پر نکاح کیا جا سکتا ہے۔ اس کے مال، اس کے خاندان، اس کی خوبصورتی اور اس کے دین کی بنیاد پر، چنانچہ تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں، تمہیں دین دیکھنا چاہیے۔'' (بخاری و مسلم)

اسی طرح عورت کو بھی چاہیے کہ اپنے لیے دیندار اور صاحب اخلاق آدمی چنے، حدیث میں آتا ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! میں اپنی بیٹی کس سے بیاہوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

''کسی پرہیزگار آدمی سے بیاہ دو، اگر اسے اس کے ساتھ محبت ہوئی تو وہ اس کی عزت کرے گا اور اگر اسے ناپسند ہوئی، تب بھی وہ اس پر ظلم نہیں کرے گا۔''

لڑکی کو اس کی رضامندی کے خلاف کسی آدمی کے ساتھ منگنی پر مجبور نہیں کیا جا سکتا بلکہ اس کی رضا دیکھی

جائے گی۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے۔

''بیوہ عورت سے پوچھے بنا اور کنواری عورت سے اس کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں کیا جا سکتا۔''

''صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! اس کی اجازت کیسے سمجھی جائے گی؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اس کا خاموش رہنا اس کی اجازت ہے۔'' (بخاری و مسلم)

جب کوئی مناسب آدمی منگنی کا پیغام بھیجے اور لڑکی شادی کے قابل ہو تو ولی کو اس کی شادی مؤخر کرنے کا اختیار نہیں ہے کیونکہ وہ اس کے پاس امانت ہے اور قیامت کے دن اس امانت کے متعلق پوچھا جائے گا۔''

پڑھائی جاری رکھنے کے بہانے سے منگنی کا پیغام دینے والے کا پیغام ٹھکرایا نہیں جا سکتا کیونکہ یہ معاملہ اس کے خاوند سے تعلق رکھتا ہے، اگر وہ دونوں رضا مند ہوں گے تو خاوند پڑھائی کے سلسلے میں اس کی مدد بھی کر سکتا ہے۔ ویسے بھی ایسا کرنے سے لڑکی کی اگلی زندگی متاثر ہوتی ہے۔

ولی کے لیے یہ بھی جائز نہیں کہ لڑکی کی تنخواہ کھانے کے لیے منگنی کے پیغام مسترد کرتا رہے اور اس لالچ اور حرص کی وجہ سے لڑکی برباد ہو جائے اور اولاد سے محروم رہے، ایسا کرنا عورت پر ظلم کے مترادف ہے۔ ممکن ہے کہ ایسے میں عورت اپنے ولی کو بددعا دے اور یوں یہ مال قبر میں اس کے کچھ کام نہ آئے اور وہ ناکام ہو کر رہ جائے۔

منگنی کرنے والے لڑکے اور لڑکی کے لیے مشروع ہے کہ وہ استخارہ کی نماز پڑھنے کے بعد حدیث میں آنے والی دعا پڑھیں۔

جبکہ حق مہر میں میانہ روی ضروری ہے جس سے خاوند کو بھی فائدہ ہو اور بیوی پر بھی زیادتی نہ ہو کیونکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

''بہترین حق مہر وہ ہے جس میں آسانی کا خیال رکھا جائے۔ (ابوداؤد و حاکم)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: ''اسے کچھ حق مہر میں دو۔'' تو انہوں نے کہا کہ ''میرے پاس کچھ نہیں ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے پاس وہ خطمی زرہ جو ہے، (وہی دے دو)'' (ابوداؤد و نسائی)

اب دیکھیے کہ زرہ ایک بہت ہی کم قیمت چیز ہے جس کا مول چند درہموں سے زیادہ نہیں ہوتا جبکہ حضرت فاطمہ سارے جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں۔ سلف صالحین سے اس طرح کے کئی واقعات منقول ہیں جن میں شادی کو آسان بنانے کا ذکر ملتا ہے۔

جب شادی ہو جائے تو اللہ تعالیٰ میاں بیوی کو بہت ساری خیر عطا کر دیتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے۔

''جس نے شادی کر لی، وہ اپنے آدھے دین کے متعلق بااختیار ہو گیا، جبکہ باقی آدھے کے متعلق وہ اللہ سے ڈرتا رہے۔''

میاں بیوی دونوں کی ذمہ داری ہے کہ شادی کے بندھن کا خیال رکھیں کہ کہیں ٹوٹ نہ جائے کیونکہ یہ ایک مضبوط پیمان اور پختہ بندھن ہے۔

جبکہ خاوند کی ذمہ داری ہے کہ عورت کے حقوق ادا کرے، اسے ویسی رہائش دے جیسی اس کے شایاں ہو اور اس پر خرچ کرے، اور اسے اس کے مال میں سے خرچ کرنے کا کھلا اختیار نہ دے بھلے ہی وہ مالدار ہو یا کسی ملازمت پر ہو، ہاں البتہ اگر وہ ایسا کرنا چاہتی ہو تو اس کی مرضی ہے اور اگر عورت اپنے خاوند کا ہاتھ بٹائے تو اسے اس کا اجر و ثواب ملے گا۔

اسی طرح خاوند کی ذمہ داری ہے کہ اس کے ساتھ مکمل میل جول رکھے اور حسن سلوک کرے اور اپنے اقوال یا افعال سے اسے تکلیف نہ دے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

''تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنی بیوی کے لیے اچھا ہو اور میں تم میں سے سب سے بڑھ کر اپنی بیویوں کے ساتھ اچھائی کرنے والا ہوں۔''

اسی طرح عورت کی بھی ذمہ داری ہے کہ خاوند کے حقوق ادا کرے، اس کے ساتھ اچھا میل جول رکھے، اچھے کام میں اس کی فرمانبرداری کرے، اسے تکلیف نہ پہنچائے۔ اس کے بچے، اس کے والدین اور اس کے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرے، اس کے مال کی حفاظت کرے اور اس کی غیر موجودگی میں بطور خاوند اس کا خیال رکھے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نیا رشاد فرمایا:

''اللہ ایسی عورت کی طرف (رحمت کی نظر سے) نہیں دیکھتا جو اپنے خاوند کی شکر گزار نہیں ہوتی حالانکہ وہ اس کے بغیر رہ بھی نہیں سکتی۔'' (مستدرک الحاکم)

اسی طرح حدیث میں آتا ہے:

''جو عورت پانچ نمازیں پڑھے، بیت اللہ کا حج کرے، رمضان کے روزے رکھے، خاوند کی فرمانبرداری کرے اور شرمگاہ کی حفاظت کرے، اسے کہا جائے گا کہ جنت کے جس دروازے سے تیرا جی چاہے، داخل ہو جا۔''

میاں بیوی دونوں کی ذمہ داری ہے کہ شادی کے بندھن کا خیال رکھیں کہ کہیں ٹوٹ نہ جائے کیونکہ یہ ایک مضبوط پیمان اور پختہ بندھن ہے۔ جبکہ خاوند کی ذمہ داری ہے کہ عورت کے حقوق ادا کرے، اسے ویسی رہائش دے جیسی اس کے شایاں ہو اور اس پر خرچ کرے۔

اسی طرح میاں بیوی کی ذمہ داری ہے کہ اختلاف کی ابتداء ہی میں معاملات کو سدھاریں تاکہ برائی اور پھوٹ اس قدر نہ بڑھ جائے کہ نتیجہ طلاق کی صورت میں نکلے جس سے شیطان بے پناہ خوش ہوتا ہے، خاندان ضائع ہو جاتا ہے، اولاد دربدر ٹھوکریں کھاتی اور بگڑ جاتی ہے اور گھر برباد ہو جاتا ہے۔

میاں بیوی دونوں کی ذمہ داری ہے کہ ایک دوسرے کے سلسلے میں صبر سے کام لیں، معاملات کے سدھار کے لیے صبر بہترین ذریعہ ہے، اس کے نتائج بہت اچھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ عَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّ يَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝﴾ (النساء)

''ان کے ساتھ بھلے طریقہ سے زندگی بسر کرو اگر وہ تمہیں ناپسند ہوں تو ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں پسند نہ ہو مگر اللہ نے اسی میں بہت کچھ بھلائی رکھ

دی ہو۔''

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کوئی مومن اپنی مومنہ (بیوی) سے بغض نہ رکھے، اگر اسے اس کی کوئی ایک عادت ناپسند ہو گی تو دوسری پسند بھی ہوگی۔'' (مسلم)

اگر کسی شخص کے لیے بلاتاخیر شادی کرنا مشکل ہو تو سے چاہیے کہ اپنے آپ کو پاکدامنی اور صبر کا پابند بنائے ورتنہائی کی حرام عادت سے خود کو بچائے جس کے بہت سے نقصانات ہیں، اسی طرح زنا اور بے راہروی سے پنے آپ کو محفوظ رکھے یہاں تک کہ اللہ اس کے لیے شادی آسان بنادے۔ اللہ کا فرمان ہے:

﴿وَ لْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ﴾ (النور: 33)

''اور جو نکاح کا موقع نہ پائیں انہیں چاہیے کہ عفت مآبی اختیار کریں، یہاں تک کہ اللہ اپنے فضل سے اُن کو غنی کردے۔''

اسی طرح لوگوں کو چاہیے کہ ولیموں میں میانہ روی سے کام لیں اور اسراف نہ کریں۔ اللہ کا فرمان ہے:

﴿وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ﴾ (الاسراء)

''فضول خرچی نہ کرو۔ فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں۔''

اگر ولیمے کا کچھ کھانا بچ رہے تو اسے پھینکنا یا ضائع نہیں کرنا چاہیے بلکہ ان لوگوں کو دے دیا جائے جو کھائیں اور فائدہ اٹھائیں، یہ کام کسی ایسے آدمی کو سونپا جائے جو مستحقین تک یہ کھانا پہنچادے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَ حَفَدَةً وَّ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ﴾ (النحل)

''اور وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے تمہاری ہم جنس بیویاں بنائیں اور اسی نے ان بیویوں سے تمہیں بیٹے پوتے عطا کیے اور اچھی اچھی چیزیں تمہیں کھانے کو دیں پھر کیا یہ لوگ (یہ سب کچھ دیکھتے اور جانتے ہوئے بھی) باطل کو مانتے ہیں اور اللہ کے احسان کا انکار کرتے ہیں۔''

[redacted]

حمد وثناء کے بعد:

اے بندگانِ الٰہی! نیکی کے بہت سے دروازے ہیں اور جنت کی راہیں آسان ہیں۔ کامیاب وہی ہے جو نیکی کے ہر دروازے پر دستک کے لیے لپکے جبکہ محرومی اسی شخص کا حصہ ہے جو نیکیوں سے بے رغبتی اختیار کرے اور برائیوں کا ارتکاب کرے۔

جو شخص اپنا مال خود اپنے اوپر اور مسلمانوں پر خرچ کرنے کی نیکی کرے، اللہ اس کے مال میں برکت ڈالتا ہے اور جو کچھ اس نے خرچ کیا ہو، اس کا بہتر بدل عطا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ﴾ (سبأ)

''جو کچھ تم خرچ کردیتے ہو اس کی جگہ وہی تم کو اور دیتا ہے، وہ سب رازقوں سے بہتر رازق ہے۔''

اور فرمایا:

﴿يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَ لَا خُلَّةٌ وَّ لَا شَفَاعَةٌ ۭ وَ الْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ﴾ (البقرة)

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جو کچھ مال متاع ہم نے تم کو بخشا ہے، اس میں سے خرچ کرو، قبل اس کے کہ وہ دن آئے، جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی، نہ دوستی کام آئے گی اور نہ سفارش چلے گی اور ظالم اصل میں وہی ہیں، جو کفر کی روش اختیار کرتے ہیں۔''

جبکہ حدیث میں آتا ہے:

''صدقے سے مال میں کمی نہیں آتی اور اگر کوئی آدمی دوسروں کو معاف کرتا رہے تو اللہ اس کی عزت بڑھا دیتا ہے۔''

یہ بھی نیکی ہی کا ایک دروازہ ہے کہ دردِ دل رکھنے والے اور ثروت مند لوگ ایسے نوجوانوں کی مدد کریں جو نکاح کی خواہش رکھتے ہوں، انہیں قرض دیں اور ان پر بازراہِ نیکی خرچ کریں، اس نیک کام کے لیے خیراتی خزانے قائم کیے جائیں، پھر ان کی بھرپور نگہداشت کی جائے، ان میں رقوم جمع کروائی جائیں اور ہر مستحق کے لیے ان خزانوں سے فائدہ اٹھانا آسان بنایا جائے۔ کیونکہ بہت سارے نوجوانوں کی شادی میں تاخیر محض مالی کمزوری ہی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جبکہ اللہ کا فرمان ہے:

